رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (لازمی) (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

**وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60**

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں — پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں

(ii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر

(iii) میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

**(حصہ غزل)**

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) "اگر اپنی خیر چاہتے ہو تو مرزا صاحب کو منا کر لاؤ۔" اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسب دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیے اس نے اُن کے مسودے میں سے دو ایک فقرے نکال دیئے تھے۔ ان فقروں کا نکالنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔

(ii) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے، مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف "توپ کاپی" میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) کونسی چیز علامہ اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟

(iii) لڑکی ریل گاڑی میں کیوں سفر کر رہی تھی؟

(iv) علامہ اقبال کے ملازم علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(v) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟

(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(vii) جوش ملیح آبادی کی خودنوشت کا نام کیا ہے؟

(viii) شاعرہ ادا جعفری نے دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) چائے کی ایک دعوت (iii) دیہاتی زندگی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا جاپان کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔